Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

16 مئی 2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کی جانب سے ڈیری فارمنگ سے وابستہ خواتین کی معاشی ترقی کیلیے منصوبہ

کراچی۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کی جانب سے مویشیوں کی افزائش اور ڈیری فارمنگ سے وابستہ خواتین کی معاشی ترقی کے منصوبے WELD کی کامیاب تکمیل پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں سندھ اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے ڈیری فارمرز، لائیو اسٹاک کے شعبے سے وابستہ اہلکاروں، غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں کے علاوہ منصوبے سے فائدہ اٹھانے والی خواتین نے شرکت کی۔

USAID کے صوبائی ڈائریکٹر برائے سندھ اور بلوچستان لیون ایس واسکن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 'مویشیوں کی افزائش اور خاص طور پر ڈیری فارمنگ کا شعبہ پاکستان کی معاشی ترقی میں انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ USAID کے اس منصوبے کے ذریعے ڈیری فارمنگ سے وابستہ خواتین دودھ کی پیداوار بڑھا کر نا صرف اپنی معاشی حالت بہتر بنا سکیں گی بلکہ پاکستان کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔'

WELD منصوبے کے تحت سندھ اور پنجاب کے آٹھ اضلاع لاڑکانہ، دادو، شکارپور، سکھر، خیرپور، گھوٹکی، مظفر گڑھ اور لیہ کے دیہی علاقوں میں خواتین کو ڈیری فارمنگ کی جدید تکنیک سے متعارف کرانے کے ساتھ ساتھ کاروبار کو فروغ دینے اور دودھ کی بہتر نرخوں پر فروخت کیلیے معاونت فراہم کی گئی۔

پاکستان دودھ کی سب سے زیادہ پیداوار والے ممالک میں پانچویں نمبر پر ہے اور یہاں ہر سال 35.6 بلین لیٹر دودھ کی پیداوار ہوتی ہے۔

#####